04.07.2024

21.15 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

Music

.....

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ کسی بھی طرح کی دہشت گردی کو نہ تو صحیح ٹھہرایا جاسکتا ہے اور نہ ہی معاف کیا جاسکتا ہے۔ وزیر اعظم نے عالمی برادری پر زور دیا ہے کہ وہ اُن ملکوں کو بے نقاب کرے، جو دہشت گردوں کو پناہ دیتے ہیں۔

☆ جھارکھنڈ مکتی مورچے کے لیڈر ہیمنت سورین نے جھارکھنڈ کے نئے وزیر اعلیٰ کی حیثیت سے حلف لیا۔

☆ نیتی آیوگ نے صحت، تغذیے، زراعت، سماجی ترقی اور تعلیم پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے 'Sampoornata ابھیان' کا آغاز کیا ہے۔

☆ اترپردیش پولیس نے ہاتھرس میں بھگدڑ کے واقعے کے سلسلے میں 6 منتظمین کو گرفتار کیا ہے۔ اس واقعے میں 121 افراد کی موت ہوئی ہے۔

☆ ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ جیتنے والی بھارتی ٹیم کا ممبئی پہنچنے پر شاندار استقبال کیا گیا۔ مرین ڈرائیو پر فتح کا جلوس نکالا گیا۔

☆ اور..... ومبلڈن ٹینس میں بھارت کے Yuki Bhambri ، فرانس کے اپنے ساتھی کھلاڑی کے ساتھ ڈبلز کے دوسرے راؤنڈ میں پہنچ گئے ہیں۔

.....

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

PM Remark SCO

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ کسی بھی طرح کی دہشت گردی کو نہ تو صحیح ٹھہرایا جاسکتا ہے اور نہ ہی معاف کیا جاسکتا ہے۔ انھوں نے کہا کہ بین الاقوامی برادری کو چاہیے کہ وہ اُن ملکوں کو الگ تھلگ کرے اور بے نقاب کرے، جو دہشت گردوں کو پناہ دیتے ہیں، اُن کی مدد کرتے ہیں اور دہشت گردی کو نظر انداز کرتے ہیں۔

قزاخستان کے شہر آستانہ میں شنگھائی تعاون تنظیم کی سربراہ کانفرنس میں وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے

وزیر اعظم کی نمائندگی کرتے ہوئے اُن کا یہ پیغام پہنچایا۔ جناب مودی نے یہ بھی کہا کہ سرحد پار سے پھیلائی جانے والی دہشت گردی کے تعلق سے فیصلہ کن کارروائی کرنے کی ضرورت ہے اور دہشت گردی کیلئے سرمایہ فراہم کرنے اور بھرتی کے عمل سے سختی کے ساتھ نمٹا جانا چاہیے۔

وزیر اعظم نے نوجوانوں میں شدت پسندی پھیلائے جانے کی روک تھام کیلئے پیش بندی کے اقدامات پر بھی زور دیا۔ جناب مودی نے کہا کہ شنگھائی تعاون تنظیم کی یہ سربراہ کانفرنس، عالمی وبا کے اثرات، مختلف خطوں میں محاذ آرائی، بڑھتی ہوئی کشیدگی، اعتماد کے فقدان اور دنیا کے مختلف ملکوں میں ٹکراؤ کے بڑھتے ہوئے مقامات کے پس منظر میں ہو رہی ہے۔

شنگھائی تعاون تنظیم کی میٹنگ کا مقصد اِن حالات و واقعات کے مضمرات کا سامنا کرنے کیلئے مشترکہ بنیاد تیار کرنا ہے۔ آب و ہوا کی تبدیلی کے معاملے کو اجاگر کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ کاربن کے اخراج میں وعدے کے مطابق کٹوتی کی سمت اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ x

PM Russia Visit

وزیر اعظم نریندر مودی اِس مہینے کی 8 تاریخ کو روس کے دو دن کے سرکاری دورے پر جائیں گے۔ وزارت خارجہ نے بتایا ہے کہ جناب مودی، روس کے صدر ولادیمیر پوتن کی دعوت پر ماسکو جا رہے ہیں جہاں وہ 22 ویں بھارت- روس سالانہ سربراہ میٹنگ میں شرکت کریں گے۔

دونوں لیڈر، موجودہ علاقائی اور باہمی دلچسپی کے عالمی امور پر تبادلۂ خیال کریں گے۔ جناب مودی اِس کے بعد Austria کے دورے پر جائیں گے۔ x

Jharkhand

جھارکھنڈ مکتی مورچے کے ایگزیکٹیو صدر ہیمنت سورین نے آج جھارکھنڈ کے نئے وزیر اعلیٰ کی حیثیت سے حلف لیا۔ ریاست کے گورنر سی پی رادھا کرشنن نے راج بھون میں ایک سادہ تقریب میں جناب ہیمنت سورین کو عہدے اور رازداری کا حلف دلایا۔مبینہ منی لانڈرنگ کیس میں ہائی کورٹ سے ضمانت پر رہا ہونے کے بعد انھوں نے تیسری بار ریاست کے وزیر اعلیٰ کے طور پر حلف لیا ہے۔ اِس سے قبل چمپائی سورین نے وزیر اعلیٰ کے عہدے سے استعفیٰ دے دیا تھا۔ اس کے بعد جناب ہیمنت سورین نے گورنر سے ملاقات کرکے سرکار بنانے کا دعویٰ پیش کیا۔31 جنوری کو انفورسیمنٹ ڈائریکٹریٹ کی جانب سے ہیمنت سورین کو گرفتار کئے جانے کے بعد چمپائی سورین نے وزیر اعلیٰ کے عہدے کی ذمہ داری سنبھالی تھی۔ x

Telangana CM

تلنگانہ کے وزیر اعلیٰ Revanth Reddy اور نائب وزیر اعلیٰ Bhatti Vikramarka نے آج نئی دلّی میں وزیر اعظم نریندر مودی سے ملاقات کی اور ریاست سے متعلق مختلف معاملات پر تبادلۂ خیال کیا۔

تیسری مدت کیلئے جناب مودی کے عہدہ سنبھالنے کے بعد سے تلنگانہ کے وزیر اعلیٰ کی یہ پہلی ملاقات ہے۔ میٹنگ کے دوران ریاست سے وابستہ اہم زیر التوا معاملات پر تبادلۂ خیال کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ اور نائب وزیر اعلیٰ نے مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ سے بھی ملاقات کی۔ x

NITI Campaign

نیتی آیوگ نے صحت، تغذیے، زراعت، سماجی ترقی اور تعلیم پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے 'Sampoornata ابھیان' کا آغاز کیا ہے۔ یہ ملک گیر مہم امنگوں والے 500 بلاکوں اور 112 ضلعوں میں سماجی شعبے کے 12 اہم اِشاریوں میں 100 فیصد مقصد کے حصول کیلئے شروع کی گئی ہے۔

یہ جامع مہم اِس سال ستمبر تک جاری رہے گی۔ اس کے تحت ضلع اور بلاک عہدیدار، عوام کے منتخبہ نمائندوں کے ہمراہ بیداری کی سرگرمیوں کا اہتمام کریں گے، جن میں گرام سبھائیں، نکّڑ ناٹک، پاشٹک آہار میلہ، صحت سے متعلق کیمپ، نمائش، پوسٹر تیار کرنا اور نظموں کے مقابلے شامل ہیں۔ اِن میں بارہ موضوعات پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ یہ پروگرام امنگوں والے سبھی متعلقہ ضلعوں اور بلاکوں میں منعقد کیے جائیں گے۔ x

Karnataka ISRO

خلائی تحقیق کی بھارتی تنظیم، اِسرو کے چیئرمین ایس سوماناتھ نے بتایا کہ گگن یان پروگرام، طے شدہ منصوبے کے مطابق جاری ہے۔ بنگلورو میں آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ یہ چیلنجوں بھرا مشکل سفر ہے۔ اِسرو کے چیئرمین نے بتایا کہ اِنسان بردار گگن یان مشن سے پہلے دو غیر انسان بردار مشن بھیجے جائیں گے۔ پہلے غیرانسان بردار مشن کو دسمبر میں روانہ کئے جانے کا منصوبہ ہے۔

S/B S Somnath

Hathras Stampede

اترپردیش پولیس نے ہاتھرس میں بھگدڑ کے واقعے کے سلسلے میں 6 منتظمین کو گرفتار کیا ہے۔ اِن میں دو خواتین بھی شامل ہیں۔ اس واقعے میں 121 افراد کی موت ہوئی ہے۔علی گڑھ رینج کے انسپیکٹر جنرل پولیس Shalabh ماتھر نے بتایا کہ گرفتار کیے گئے 6 افراد، منتظمہ کمیٹی کے ممبر ہیں اور وہ سیوا دار کے طور پر کام کرتے تھے۔ بھگدڑ کے بعد یہ سیوا دار وہاں سے فرار ہوگئے تھے۔ انسپیکٹر جنرل نے بتایا کہ اصل ملزم پرکاش مدھوکر کے بارے میں جانکاری دینے والے کیلئے ایک لاکھ روپے کے انعام کا اعلان کیا گیا ہے۔ x

Finance Fraud Mails

مرکز نے اُن فرضی اور دھوکہ دہی والی e-mails کے سلسلے میں ایک الرٹ جاری کیا ہے، جن کے بارے میں یہ دعویٰ کیا گیا ہے کہ اِنہیں مرکزی اقتصادی انٹلیجنس بیورو اور دلّی کے سائبر جرائم اور اقتصادی جرائم کے شعبے نیز

سائبر Cell نے جاری کیا ہے۔وزارت خزانہ نے کہا ہے کہ جن لوگوں کو اِس طرح کی e-mails موصول ہوتی ہیں، اِن میں اُن کے خلاف بچوں سے متعلق فحاشی، بچوں کے جنسی استحصال، سائبر فحاشی اور عریانیت وغیرہ کے الزامات لگائے جاتے ہیں۔وزارت نے بتایا ہے کہ پولیس حکام کو اِس معاملے میں ضروری کارروائی کرنے کیلئے چوکس کیا گیا ہے۔ x

Shah Nano Fertilizer

امداد باہمی محکمے کے وزیر امت شاہ، ہفتے کے روز گجرات کے گاندھی نگر میں امداد باہمی اداروں کے 102 ویں بین الاقوامی دن کے موقع پر 'Sahkar Se Samriddhi' کانفرنس سے خطاب کریں گے۔ اِس موقع پر جناب امت شاہ کسانوں کی جانب سے nano فرٹیلائیزر کی خرید کے سلسلے میں 50 فیصد امداد کیلئے اسکیم کا آغاز کریں گے۔وہ قومی امداد باہمی Organics لمٹیڈ کی جانب سے تیار کردہ ''بھارت Organic آٹے'' کا آغاز بھی کریں گے۔امداد باہمی کے 102 ویں بین الاقوامی دن کا موضوع ہے ''امداد باہمی ادارے اور سبھی کیلئے بہتر مستقبل''۔

Meghwal Criminal Law

قانون اور انصاف محکمے کے وزیر ارجن رام میگھوال نے کہا ہے کہ نئے فوجداری قوانین سے لوگوں کو بڑے پیمانے پر رہن سہن میں سہولت ہوگی۔ انھوں نے کہا کہ اِن قوانین سے انصاف ملنے کے عمل میں تیزی آئے گی اور مقدمے وغیرہ کی کارروائی میں جو وقت لگتا ہے، وہ بھی کم ہوجائے گا۔

اترپردیش کے غازی آباد میں CBI اکیڈمی میں ایوارڈ دیئے جانے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے زور دے کر کہا کہ یہ قوانین ملک کیلئے بہت مفید ثابت ہوں گے کیونکہ توانائی کو معاشرے کے فروغ کے عمل میں بروئے کار لایا جاسکے گا۔ x

India Australia Research Award

سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر جتیندر سنگھ نے پائیدار ترقی کو فروغ دینے کیلئے اہم عالمی چیلنجوں سے نمٹنے کی خاطر نئے دور میں اشتراک پر زور دیا ہے۔ آسٹریلیا-انڈیا اسٹریٹیجک ریسرچ فنڈ، AISRF کے 15ویں دور کے نتیجوں کا آج اعلان کرتے ہوئے جناب سنگھ نے کہا کہ AISRF، بھارت اور آسٹریلیا کے درمیان فروغ پارہی ساجھے داری کی علامت ہے۔ جناب سنگھ نے اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اشتراک سے تیار ہوئے پروجیکٹوں کے ذریعے باہمی مفادات کے شعبوں میں اہم سائنسی دریافتوں اور ٹیکنالوجی کی ترقی کو فروغ ملے گا۔x

Arunachal Assam

آسام میں سیلاب کی صورتحال بدستور سنگین ہے۔ ریاست کے 29 ضلعوں میں 16 لاکھ سے زیادہ لوگوں پر سیلاب کا اثر پڑا ہے۔ وہاں مزید 8 افراد کی موت ہوئی ہے۔ ریاست میں سیلاب سے وابستہ واقعات میں مرنے

والوں کی تعداد 46 ہوگئی ہے۔ مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے.....

VC- Manas Pratim Sharma

سیلاب سے شدید طور پر متاثرہ آسام میں راحت اور بچاؤ اقدامات میں تیزی آگئی ہے۔ گورنر گلاب چند کٹاریہ، وزیراعلیٰ ہیمنت بسوا سرما اور مرکزی وزیر سربانند سونووال نے سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا اور متاثرہ لوگوں سے بات چیت کی۔ اِن سبھی نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ سیلاب سے متاثرہ افراد کو ہرممکن مدد فراہم کی جائے۔

ضلعی انتظامیہ کی جانب سے ضروری غذائی اشیاء، پینے کا پانی اور طبی خدمات فراہم کرنے کیلئے انتظامات کئے گئے ہیں۔ قاضی رنگا نیشنل پارک کا بڑا حصہ زیر آب ہے اور پارک حکام نے اسمگلنگ پر روک لگانے کیلئے چوکسی بڑھا دی ہے۔ اب تک حکام نے 82 جنگلی جانوروں کو بچایا ہے۔

گواہاٹی سے مانس پرتم سرما کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ضمیر رضوی

اِدھر اروناچل پردیش میں بھی گزشتہ مہینے کی 29 تاریخ سے لگاتار بارش ہونے سے سیلاب کی صورتحال پیدا ہوگئی ہے۔ بھارتی فوج، اروناچل پردیش کے East Siang ضلعے میں امدادی کارروائی میں سرگرمی کے ساتھ معاونت کر رہی ہے۔ اِس کے علاوہ آسام کے دھیماجی ضلعے میں Sivaguri کے کئی گاؤوں میں بھی بھارتی فوج کے اہلکار راحت کارروائی میں لگے ہوئے ہیں۔ x

IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے نے اگلے چار پانچ دن کے دوران مغربی اور شمال مشرقی بھارت میں بہت تیز بارش ہونے کے امکان کے مدنظر ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ جنوبی گجرات کے خطے میں انتہائی شدید بارش کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ جموں ڈویژن، ہماچل پردیش، اتراکھنڈ، اترپردیش، مدھیہ پردیش اور بہار میں بھی اگلے دو تین دن تک اِسی طرح کا موسم رہنے کا امکان ہے۔

موسمیات محکمے نے بتایا ہے کہ مہاراشٹر اور ساحلی کرناٹک میں بھی اگلے دو تین دن کے دوران بہت شدید بارش ہوسکتی ہے۔ x

Rev UK Polling

برطانیہ میں ملک کے تقریباً 40 ہزار پولنگ مراکز پر عام انتخابات کیلئے ووٹنگ جاری ہے۔

جنوری 2025 تک انتخابات کیلئے وقت ہونے کے باوجود وزیر اعظم رِشی سونک نے 22 مئی کو اعلان کیا تھا کہ ملک میں 4 جولائی کو عام انتخابات ہوں گے۔

توقع ہے کہ انگلینڈ، ویلز، اسکاٹ لینڈ اور شمالی آئرلینڈ کے 650 انتخابی حلقوں میں قریب 46 لاکھ 50 ہزار ووٹر اپنے حق رائے دہی کا استعمال کریں گے۔ اکثریتی حکومت کے قیام کیلئے کسی بھی پارٹی کو 326 سیٹیں جیتنی ہوں گی۔ برطانیہ کے سیاسی منظرنامے پر لیبر پارٹی، کنزرویٹیو پارٹی، لبرل ڈیموکریٹس، Reform UK، اسکاٹش نیشنل

پارٹی SNP اور گرین پارٹی جیسی اہم سیاسی جماعتیں ہیں۔

انتخابات سے قبل کئے گئے سروے کے مطابق لیبر پارٹی رہنما Keir Starmer کی وزیر اعظم اور کنزرویٹیو پارٹی رہنما رِشی سونک پر تاریخی جیت درج کرنے کا امکان ہے۔ اِس سروے میں امکان ظاہر کیا گیا ہے کہ لیبر پارٹی 484 سیٹیں جیت سکتی ہے۔ وہیں گذشتہ 14 سال سے برسر اقتدار کنزرویٹیو پارٹی کے 64 سیٹیں جیتنے کا امکان ہے۔x

Puducherry French Elections

فرانس کی قومی اسمبلی کے تحلیل ہونے کے پیش نظر فرانس کے جو شہری پدوچیری میں قیام پذیر ہیں، ان کیلئے فرانسیسی پارلیمنٹ کے انتخابات کے پہلے مرحلے کی ووٹنگ پدوچیری میں 30 جون کو ہوئی تھی۔ جس سے فرانسیسی شہریوں نے پدوچیری میں رہتے ہوئے اپنے حق رائے دہی کا استعمال کیا تھا۔ پدوچیری کرائیکل، تمل ناڈو اور کیرالہ میں رجسٹرڈ ووٹروں کی کُل تعداد چار ہزار 535 ہے اور پہلے مرحلے کے تحت 877 مستند ووٹس ڈالے گئے تھے۔ دوسرے مرحلے کیلئے ووٹنگ 7 جولائی 2024 کو ہوگی۔x

Indian Team

ٹی ٹوئنٹی کرکٹ ورلڈ کپ جیتنے والی بھارتی ٹیم کا آج شام ممبئی پہنچنے پر شاندار استقبال کیا گیا۔ جیسے ہی ٹیم کا ہوائی جہاز ممبئی میں اترا، پانی کی بوچھار کے ساتھ ٹیم کو سلامی دی گئی۔ ممبئی ہوائی اڈے کے عملے نے ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ چمپئن بھارتی ٹیم کا استقبال کرنے کیلئے سلامی دینے کا یہ منصوبہ تیار کیا تھا۔

اِدھر ممبئی کی سڑکوں پر کثیر تعداد میں کرکٹ شائقین اپنے فاتح کھلاڑیوں کا خیر مقدم کرنے کیلئے موجود تھے۔ پرجوش انداز سے رقص کرتے ہوئے اور ٹیم کے کھلاڑیوں کو مبارکباد دیتے ہوئے شائقین ترنگا لئے ہوئے تھے اور انڈیا انڈیا کے نعرے لگا رہے تھے۔ مرین ڈرائیو پر فتح کا جلوس نکالا گیا اور اس کے بعد بھارتی ٹیم کے کھلاڑی وانکھیڑے اسٹیڈیم پہنچے۔ x

Wimbledon Men's Doubles

ومبلڈن ٹینس میں بھارت کے Yuki Bhambri، فرانس کے اپنے ساتھی کھلاڑی Albano Olivetti کے ساتھ مردوں کے ڈبلز کے دوسرے راؤنڈ میں پہنچ گئے ہیں۔ انھوں نے آج شام لندن میں پہلے راؤنڈ میں Alexander Bublik اور Alexandar Shevchenko کی قزاخستان کی جوڑی کو چھ-چار، چھ-چار سے ہرا دیا۔ڈبلز کے ایک اور میچ میں بھارت کے سری رام بالاجی، برطانیہ کے اپنے ساتھی کھلاڑی Luke Johnson کے ساتھ پہلے راؤنڈ میں موجودہ فرنچ اوپن چمپئن کروشیا کے Mate Pavic اور El Slavador کے Marcelo Arevalo کی جوڑی سے چار-چھ اور چھ-سات سے ہار گئے۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆